27 ستمبر 2013ء

اسٹیٹ بینک نے بچت ڈپازٹس پر کم از کم شرح منافع کو ریپو ریٹ سے منسلک کر دیا

اسٹیٹ بینک نے تمام کمرشل بینکوں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ پاکستانی روپے کے تمام بچت ڈپازٹس پر کم از کم شرح منافع اسٹیٹ بینک کے موجودہ ریپو ریٹ (شرح سود کوریڈور-فلور) سے 50 بیسس پوائنٹس کم ہوگی۔

اسٹیٹ بینک نے تمام موجودہ اور نئے بچت ڈپازٹس بشمول کمرشل بینکوں کے میعادی ڈپازٹس پر کم از کم شرح منافع میں یکم اکتوبر 2013ء سے اضافے کا اعلان کیا ہے۔

سرکلر کے مطابق کمرشل بینکوں پر لازم ہے کہ پاکستانی روپے کے تمام بچت ڈپازٹس کے اوسط ماہانہ بیلنس پر مذکورہ بالا کم از کم شرح منافع ادا کریں۔

اس سے پہلے کمرشل بینکوں کے لیے ضروری تھا کہ پاکستانی روپے کے تمام بچت ڈپازٹس کے اوسط ماہانہ بیلنس پر کم از کم 6.0 فیصد سالانہ شرح منافع ادا کریں۔ آج کے اعلان کے بعد یہ شرح بڑھ کر 6.5 فیصد ہو جائے گی۔ جب اسٹیٹ بینک ریپو ریٹ اور شرح سود کوریڈور کے فلور ریٹ میں تبدیلی کا اعلان کرے گا تو کم از کم شرح بھی تبدیل ہو جائے گی۔

☆☆☆